CCI

# انسانی حقوق پالیسی

CCI'M HUMAN

کوکا کولا Icecek (CCI) میں تقریباً 10,000 لوگ اپنے فرائض سر انجام دے رہے ہیں اور اس کے آپریشنز آزربائیجان، عراق، اردن، بنگلہ دیش، قازقستان، کرغزستان، پاکستان، شام، تاجکستان، ترکی اور ترکمانستان،ازبکستان میں جاری ہیں۔

## انسانی حقوق کا احترام

انسانی حقوق کا احترام سی سی آئی CCI کی بنیادی قدر ہے۔ ہم اپنے ملازمین، سپلائرز، کاروباری شراکتی اداروں اور کمیونیٹیز کے ساتھ اپنے تعلقات میں انسانی حقوق کے احترام اور فروغ کے لئے کوشاں ہیں۔ اس پالیسی میں انسانی حقوق کے عالمی منشور میں بیان کردہ بین الاقوامی اصولوں سے رہنمائی لی گئی ہے۔ اس کے علاوہ بین الاقوامی بل آف رائٹس، کام کی جگہ پر بنیادی اصول اور حقوق پر عالمی ادارہ مزدوران کے 1998ء اعلامیہ ، اقوام متحدہ کا عالمی معاہدہ اور انسانی حقوق اور کاروبار پر اقوام متحدہ کے رہنما اصول بھی شامل ہیں۔

یہ پالیسی CCI،اس کی ملکیتی کمپنیوں ، ایسی کمپنیاں جہاں اسکے زیادہ شیئرز ہیں اور اس کے زیر انتظام اداروں میں لاگو ہوتی ہے۔ CCI اپنے سپلائرز اور کاروباری شراکتی اداروں سے توقع رکھتا ہے کہ وہ اس پالیسی پر عمل کریں گے اور اپنے ملازمین کے لیے یہ اصول اپنایں گے۔

ہم اپنے کاروباری امور اور اقدار میں انسانی حقوق سے متعلق لوگوں کو درپیش خدشات کی نشاندہی اور بچاؤ کی تدبیر کرتے ہیں۔ ہم نے اپنی کاروباری سرگرمیوں کی وجہ سے انسانی حقوق کے منفی اثرات کی نشاندہی کی ہے اور ہم اس کے منصفانہ حل کے لئے اپنا تعاون پیش کرنے کے لئے پر عزم ہیں۔ ہم حل تک رسائی کو فروغ دینے کے لئے کوشاں ہیں جہاں ہم فریق ثالث کے ساتھ اپنے تعلقات کے ذریعے ان منفی اثرات کی وجہ بنتے ہوں۔

**انسانی حقوق پالیسی کی نگرانیCCIایگزیکٹو کمیٹی کرتی ہے۔**

## معاشرے اور حصص مالکان کی شمولیت

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہم ان معاشروں کا حصہ ہیں جہاں ہم کاروبار کرتے ہیں۔ انسانی حقوق کے معاملات پر بذریعہ مذاکرات ہم کمزور اور پسماندہ طبقہ پر مشتمل کمیونٹیز اور لوگوں کیساتھ رابطہ استوار کرتے ہیں جہاں انہیں سنا جاتا ہے اور ان کی رائے کی قدر کی جاتی ہے۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ مقامی مسائل مقامی سطح پر مناسب انداز میں حل کیے جانے چاہیے۔ جہاں مناسب ہو،اپنے کاروبار سے متعلقہ انسانی حقوق کے مسائل پر ہم سول سوسائٹی اور حصص مالکان کے ساتھ وسیع بنیادوں پر رابطہ استوار کرتے ہیں۔

## تنوع اور شمولیت

ہم اپنے ساتھ کام کرنے والے افراد کی تنوع اور شمولیت کی قدر کرتے ہیں۔ ہم سب کو مساوی مواقع فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں اور CCI میں بھرتی، تعیناتی، تقرری، ترقی، تربیت، معاوضہ اور جدت کی بنیاد قابلیت، کارکردگی، مہارت اور

تجربہ ہے۔ اپنے اہداف کے حصول کے لئے افرادی قوت میں تنوع انتہائی اہم ہے۔ لہٰذا ہم متنوع اور رواداری کے نقطۂ نظر کے حامل لائق افراد کو مائل کرنے، ترقی دینے اور ایسے لوگوں کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لئے پر عزم ہیں۔

**صوابدیدی تعصب کی حوصلہ شکنی**

ہم کام کی جگہ کو تعصب، ہراسیت اور نسل، جنس، رنگ، ملکی و سماجی طبقاتی، قومیت، مذہب، عمر،

معذوری، صنفی تفریق، جنسی شناخت اور اظہار، سیاسی رائے یا کسی بھی بنیاد پر مبنی تعصب سے پاک رکھنے کے لئے کام کرتے ہیں۔ ہم کسی بھی قسم کے امتیازی سلوک، نامناسب، غیرمنصفانہ یا انتقامی برتاؤ برداشت نہیں کرتے ہیں۔ کام کی جگہ ، کام کی جگہ سے باہر یا کام سے وابستہ جگہ پر کسی قسم کی ہراسانیت کو برداشت نہیں کیا جاتا ہے۔

**اجتماع اور اجتماعی سودہ کاری کی آزادی**

ہم اپنے ملازمین کے بلا خوف و خطر لیبر یونین میں شامل ہونے یا نا ہونے کے حق کا احترام کرتے ہیں .جہاں کہیں ملازمین کی نمائندگی قانونی طور پر تسلیم کردہ یونین کے ذریعہ ہوتی ہے، ہم ان کے آزادانہ طور پر منتحب نمائندوں کے ساتھ مذاکرات کرتے ہیں۔ CCI ان نمائندگان کے ساتھ نیک نیتی سے سودے کاری کرنے کے لئے پر عزم ہے۔

**محفوظ اور صحت مند کام کی جگہ**

ہمارے ملازمین کی سلامتی اور صحت انتہائی اہم ہے۔ ہماری پالیسی ایک محفوظ اور صحت مند کام کرنے کی جگہ فراہم کرنا ہےاور قابل اطلاق حفاظتی اور صحت کے قوانین اورضابطوں کے ساتھ ساتھ اندرونی تقاضوں کی تعمیل کرنا ہے .ہم اپنے ملازمین کے صلاح مشورہ سے اور حادثات کے تشخص شدہ خطرات، چوٹ اور صحت کے اثرات کی نشاندہی کر کے اور ان کا حل نکال کر ایک محفوظ، صحت مند اور پیداواری کام کی جگہ فراہم کرنے اور اسے قائم رکھنے کے لئے کام کرتے ہیں۔

**کام کی جگہ کا تحفظ**

ہم کام کی ایک ایسی جگہ قائم رکھنے کے لئے مصروف عمل ہیں جو اندرونی یا بیرونی خطرات ، تشدد، ہراسانیت، دھونس اور دیگر غیر محفوظ، یا پریشان کن حالات سے آزاد ہو .ملازمین کے لئے حسب ضرورت حفاظتی انتظامات فراہم کئے گئے ہیں، اور ملازمین کی عزت نفس، ساکھ اور وقار کا احترام کرتے ہوے ان انتظامات کو برقرار رکھا جاتا ہے۔

**جبری مزدوری اور انسانوں کی تجارت پر پابندی**

ہم جبری مشقت کی تمام اقسام کے استعمال سے منع کرتے ہیں، جن میں مقید مزدوری، بندھوا مزدوری، ملٹری مزدوری یا غلامی کی جدید شکلیں اور انسانی تجارت کی کوئی بھی شکل شامل ہیں۔

**بچوں کی مزدوری پر پابندی**

خطرناک کاموں کے لئے ہم 18سال سے کم عمر افراد کی تقرری سے منع کرتے ہیں۔

**مناسب کام کے اوقات، قانونی اجرت اور دیگر فوائد**

ہم نے متعلقہ شعبہ ، مقامی لیبر مارکیٹ، قابل اطلاق قوانین اور مشترکہ معاہدات کو مدنظر رکھتے ہوے معاوضہ کی پالیسی تشکیل دی ہے۔ ہم معاوضہ، کام کے اوقات کار، اوور ٹائم اور مراعات پر مشتمل لاگو قوانین کی تعمیل میں اپنی سرگرمیاں عمل میں لاتے ہیں۔ ہم اپنے ملازمین کو مواقع فراہم کرتے ہیں جہاں وہ اپنی صلاحیت نکھارتے ہیں اور ترقی کے لئے مواقع فراہم کرتے ہیں۔

CCI'M HUMAN

**زمینی حقوق اور آبی وسائل کا تحفظ**

ہم انسانی حقوق کے احترام سے متعلق نمایاں پابندیوں کو تسلیم کرتے ہیں جس میں ہمارے ویلیو چین میں زمین اور پانی کا استعمال شامل ہیں۔ جسے ہم اپنی مخصوص پالیسی اور فعل کے تحت بروئے کار لاتے ہیں پانی کی سازگار فراہمی، پینے کے صاف پانی اورمناسب نکاسی کے ذریعے ایکو سسٹم اورکمیونٹی کے تحفظ پر انسانی ضرورت کا احترام کرتے ہیں۔ جو ہماری ماحولیاتی پالیسی کے عین مطابق ہے۔

**ملازمین کے لئے رہنمائی اور رپورٹنگ**

ہم کام کے ایسے ماحول کے قیام پر یقین رکھتے ہیں جس میں ملازمین کے درمیان واضح اور ایماندارانہ مواصلات/ترسیلات کی قدر اور احترام کیا جاتا ہے۔ CCI قابل اطلاق لیبر اور روزگار کے قوانین کے اطلاق کو یقینی بنانے کے لئے پر عزم ہے۔ سی سی آئی سالانہ سرٹیفیکیشن اور ٹریننگ کے ذریعے یقینی بناتا ہے کہ ملازمین انسانی حقوق کی پالیسی سے واقف ہوں۔

اگر کسی ملازم کو پالیسی او ر قوانین، روایات اور جگہ پر سرگرمیوں کی نوعیت پر تحفظات ہوں یا جسے اس پالیسی پر اعتراضات ہوں یا اس پالیسی کی ممکنہ خلاف ورزی کی رازدارانہ اطلاع کرنا چاہتے ہوں تو وہ ان اعتراضات اور تحفظات کو مقامی انتظامیہ، ہیومن ریسورسز، مقامی ایتھکس آفیسر یا گروپ ایتھکس آفیسر کے سامنے اٹھا سکتے ہیں۔ملازمین پالیسی کی مبینہ خلاف ورزی کو CCI ایتھکس لائن کی محفوظ انٹرنیٹ ویب سائٹ http://www.cciethicsline.com، یا 9021237107+ پر بذریعہ کال یا cci@cciethicsline.com پر بذریعہ ای میل رپورٹ کر سکتے ہیں۔ اس پالیسی کے تحت اٹھائے گئے تحفظات پر کسی بھی ملازم کے خلاف انتقامی کارروائی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔ CCI ملازمین کے تحفظات کی جانچ پڑتال کرے گی اور ان کا جواب دے گی۔ اور کسی بھی خلاف ورزی پر مناسب تادیبی کارروائی عمل میں لائے گی۔

انسانی حقوق پالیسی CCI کے ضابطۂ اخلاق کے عین مطابق ہے۔ یہ پالیسی بشمول ترجمہ اور متعلقہ معلومات CCI کی انٹرنیٹ سائٹ http://www.cci.com.tr سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**پبلک رپورٹنگ**

ہم عوام کو انسانی حقوق سے متعلق رپورٹ اور سالانہ استحکام کی رپورٹ کے حصہ کے طور پر اپنے انسانی حقوق کی پالیسی کے متعلق کاوشوں، کوششوں اور بیانات کی اطلاع دیتے ہیں .جو ہماری سالانہ سازگاری رپورٹ کا حصہ ہے۔ یہ رپورٹنگ اقوام متحدہ کے رپورٹنگ فریم ورک رہنما اصولوں کا حصہ ہے۔

CCI پالیسی میں کسی بھی وقت ترمیم کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ اس پالیسی میں کہیں بھی درج نہیں کہ یہ پالیسی CCI اور اس کے ملازمین کے مابین کوئی معاہدہ ہے یا اس پروگرام میں شمولیت CCI کے ساتھ مستقل ملازمت کی ضمانت ہے۔